**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X EXAMINATION**

**MAY 2014**

**Islamiyat Paper II**

**Time: 1 hour 20 minutes Marks: 45**

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

2۔ خصوصی ہدایت: اس پرچے میں کُل آٹھ سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 8 میں دو انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی ایک حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔ اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 8 نمبر)

(الف) وَمَنۡ يَّعۡصِ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ فَقَدۡ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيۡنًا ؕ۔(سورۂ احزاب آیت نمبر 36)

ترجمہ: ” اور جو کوئی خُدا اور اس کے رسول (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کی نافرمانی کرے وہ صریح گمراہ ہو گیا۔“

درج بالا آیت میں مسلمانوں کو کس بات کی تنبیہ کی گئی ہے؟ **چار** نکات تحریر کیجیے۔ (4 نمبر)

(ب) اِنَّ الۡمُسۡلِمِيۡنَ وَالۡمُسۡلِمٰتِ وَالۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۔۔۔ وَالذّٰكِرِيۡنَ اللّٰهَ كَثِيۡرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمۡ مَّغۡفِرَةً وَّاَجۡرًا عَظِيۡمًا ۝

(سورہ احزاب آیت 35)

اللہ تعالیٰ نے درج بالا آیت میں کن لوگوں کے لیے مغفرت و اجر عظیم تیار کر رکھا ہے؟ کسی **چار** کا ذکر کیجیے۔ (4 نمبر)

سوال۔2 (کل 8 نمبر)

(الف) حدیث: اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ وَمَنْ اَقَامَھَا فَقَدْ اَقَامَ الدِّیْنَ وَمَنْ ھَدَمَھَا فَقَدْ ھَدَمَ الدِّیْنَ۔

نماز کو دین کا ستون کیوں کہا گیا ہے؟ نماز کی اہمیت کو **تین** نکات میں بیان کیجیے۔ (4 نمبر)

(ب) حدیث: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَّقَامَہٗ اِیْمَانًا وَّاِحْتِسَابًا غُفِرَلَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ ۔

ترجمہ: ۔جس نے ایمان اور احتساب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے اور اس کی (راتوں) میں قیام کیا۔ اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیے گئے۔
درج بالا حدیث کی روشنی میں بحث کیجیے کہ روزہ رکھنے والا شخص کس طرح اللہ تعالیٰ کا نیک بندہ بن سکتا ہے۔ **چار** نکات تحریر کیجیے۔ (4 نمبر)

سوال۔3 (کل 4 نمبر)

جہاد کا مفہوم بیان کیجیے اور جہاد کی اقسام میں سے ایک قسم 'جہاد بالنّفس' کی اہمیت **دو** نکات میں تحریر کیجیے۔

سوال۔4 (کل 4 نمبر)

صبر کے لغوی معنی بتائیے قرآن وحدیث کی روشنی میں صبر کا مفہوم **تین** نکات میں بیان کیجیے۔

سوال۔5 (کل 4 نمبر)

اسلام اپنے ماننے والوں کو طہارت اور صفائی / پاکیزگی کی تعلیم دیتا ہے جس کے بغیر نہ تو عبادات قبول ہوتی ہیں اور نہ ہی جسمانی اور روحانی صفائی حاصل ہوتی ہے قرآن اور حدیث کی روشنی میں ظاہری اور باطنی پاکیزگی کی اہمیت **چار** نکات میں بیان کیجیے۔

سوال۔6 (کل 4 نمبر)

قرآن مجید انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں کے بارے میں ضروری نصیحتوں اور رہنمائی کا خزینہ ہے۔

اس بیان کی وضاحت **چار** نکات میں کیجیے۔

(کل 5 نمبر)

سوال۔7
مملکت پاکستان کی قومی یکجہتی میں ہم کیا کردار ادا کرسکتے ہیں؟ **پانچ** نکات میں بحث کیجیے۔

سوال۔ 8 (کل 8 نمبر)

(الف) قرآنی آیات کی روشنی میں ہجرت کا مفہوم اور ضرورت بیان کیجیے اور ہجرت کی اہمیت کو **چار** نکات میں تحریر کیجیے۔

**یا**

(ب) عائلی زندگی کی اہمیت بیان کیجیے۔ قرآنی آیات کی روشنی میں اسلام میں والدین اور اولاد کے باہمی حقوق و فرائض کی **چھے** نکات میں تحریر کیجیے۔

اختتام